ریجنل انفنٹ ہیئرنگ پروگریمز
(Infant Hearing Program)

آپ کے بچے کو سماعتی جائزے کی ضرورت ہے

Ontario

اپنے بچے کو ٹیسٹ کے لیے تیار کرنا

سماعتی ماہر کو بالکل صحیح رزلٹ اس وقت ملیں گے اگر آپ کا بچہ جائزے کے دوران گہری نیند سو رہا ہو۔ آپ مدد کر سکتے ہیں اس طرح کہ.

- اپانٹمنٹ سے چند گھنٹے پہلے اپنے بے کو جگائے رکھیں
- ٹیسٹ شروع ہونے سے پہلے تک اپنے بچے کو کھلانے کا انتظار کریں
آرام دہ ، گرم کمبل لے کر آئیں
- زائد ڈائپرز ساتھ رکھیں ، شاید ضرورت پڑ جائے۔

صحیح وقت پر ٹیسٹ کروائیں

سماعتی ماہر کے لیے سماعتی جائزہ لینے کا سب سے بہتر وقت وہ ہے جب آپ کا بچہ دو ماہ کا ہو۔ چاہے آپ کی خواہش جلدی کرانے کی ہو ، لیکن رزلٹ اتنے صحیح نہیں ہوتے اور نہ ہی آسانی سے ملتے ہیں۔ آپ کے بے کے جائزے کے لیے اپائنٹمنٹ بنانے کی خاطر صحیح وقت پر آپ سے رابطہ کیا جائے گا تاکہ صحیح ترین رزلٹ حاصل کیے جا سکیں۔

بہرہ پن کی نشانیوں پر دھیان دیتے رہیں

یہ ضروری ہے کہ اپنے بچے کی زبان اور گویائی کی نشو و نما پر اچھی طرح دھیان دیں ، کیونکہ زبان اور گویائی میں ہونے والے مسائل بہرے پن کی نشاندی کرتے ہیں۔ اس بروشر میں نشو و نما کے مراحل آپ کی مدد کریں گے کہ کس پر دھیان دینا ہے۔

آپ کے بچے کو سماعتی چھان بین سے حوالہ رزلٹ ملا ہے

ایک حوالہ رزلٹ کا مطلب ہے کہ آپ کے بچے کو سماعتی جائزے کی ضرورت ہے۔ اس کا ہمیشہ یہ مطلب نہیں ہوتا کہ آپ کا بچہ بچہ بہرہ ہے یا اونچا سنتا ہے۔

زیادہ تر بچے جنہیں حوالہ رزلٹ ملتا ہے کی سماعت نارمل ہوتی ہے۔ بعض اوقات کان کی نالی میں میل یا چھان بین کے دوران حرکت حوالہ رزلٹ کی وجہ بن جائے گی۔ معلوم کرنے کا واحد طریقہ کسی سماعت کے ماہر کا کیا گیا سماعتی جائزہ ہے۔ آپ کا ریجنل شیر خوار سماعتی پروگرام آپ کے لیے کان کے ماہر ے اپائنٹمنٹ کا انتظام کرے گا جو بچوں کا ٹیسٹ کرنے میں ماہر ہو گا۔

یہ جائزہ آپ کے بچے کی سماعت کے بارے میں نوزائیدہ کی سماعت کی نسبت مزید اطلاعات کا احاطہ کرے گا۔ اس میں زیادہ وقت لگتا ہے اور آپ کو ایک سے زائد مرتبہ جانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

سماعتی جائزہ

سماعت ماہر کئی مختلف ٹیسٹ کرے گا۔ ہر ٹیسٹ میں ایک چھوٹا ائر فون آپ کے بچے کے کان میں آہستگی سے رکھ دیا جاتا ہے۔ ایک ٹیسٹ کان کے پردے کی حرکت کو ناپتا ہے۔ ایک اور ایک بہت چھوٹا سا مائکروفون استعمال کرتا ہے تاکہ کان کے اندر گونج کا پتہ لگا سکے۔ سب سے اہم ٹیسٹ آپ کے بچے کے دماغ کی لہروں کو ناپتا ہے جو پیشانی اور کان کے پیچھے چھوٹے چپکنے والے الیکٹروڈ کے استعمال سے ہونے والی آوازوں کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہیں۔

یہ سب ٹیسٹ مکمل طور پر محفوظ ہیں اور ان سے آپ کے بچے کو کوئی تکلیف نہیں ہو گی۔ زیادہ بچے سوتے رہیں گے اور ان سے ڈسٹرب نہیں ہوں گے۔ اصل میں تو یہ زیادہ اچھی طرح کام کرتے ہیں اگر آپ کا بچہ سو رہا ہو۔

جب جائزہ مکمل ہو جائے ، سماعتی ماہر آپ سے رزلٹ کے بارے میں بات کرے گا۔ زیادہ بچوں کی سماعت نارمل ہوتی ہے۔ اگر آپ کے بچے کو بہرہ پن ہے ، سماعتی ماہر آپ کو ان سروسز اور سپورٹ کے بارے میں بتائے گا جو آپ اور آپ کے بچے کی مدد کے لیے موجود ہیں۔

ریجنل انفنٹ ہیئرنگ پروگریمز
(شیر خوار بچوں کی سماعت کے علاقائی پروگرام)

آنٹیریو کے انفنٹ ہیئرنگ پروگرام کی خدمات علاقائی دفاتر کے زریعے فراہم کی جاتی ہیں۔

رابطے کی معلومات کے لیے براہ مہربانی ملاحظہ کیجیئے:
www.ontario.ca/infanthearing

To order by phone:
1-800-668-9938
TTY: 1-800-268-7095

Or visit: www.serviceontario.ca/publications
Publication # 019588

Learn more: www.ontario.ca/children

Nov/2014 © Queen's Printer for Ontario

URDU

نشو و نما کے مراحل

نشو و نما کے یہ مراحل چھوٹے بچوں کی کچھ مہارتوں جب وہ بولنا سیکھ رہے ہوتے ہیں کی ترقی کے بارے میں بتاتے ہیں۔ کچھ ایسی ٹپس ہیں کہ آپ اپنے بچے کی گویائی اور زبان کی مہارت بڑھانے میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔اگر آپ کا بچہ ان میں سے ایک یا زیادہ مراحل پر پورا نہیں اترتا ، برائے مہربانی اپنے مقامی پری اسکول سپیچ اور لیگویج پروگرام سے رابطہ کریں ۔

چھ ماہ تک

- آواز کی طرف مڑتا ہے
- اچانک ، اونچی آواز کی وجہ سے چونک جاتا ہے
- مختلف ضروریات کے لیے مختلف طرح سے روتا ہے — میں بھوکا ہوں ، میں تھکا ہوا ہوں
- جب آپ بات کریں تو آپ کا چہرہ دیکھتا ہے
- آپ کی مسکراہٹ اور ہنسی کے جواب میں مسکراتا اور ہنستا ہے
- کھانسی یا دوسری آوازوں کی نقل کرتا ہے ۔ آہ ، ای ، بوہ

نو ماہ تک

- اپنے نام پر جواب دیتا ہے
- ٹیلیفون بجے یا دروازے پر دستک ہو تو جواب دیتا ہے
- "نہ" کہا جائے تو سمجھتا ہے
- آوازوں اور اشارے کے زریعے جو چاہے لے لیتا ہے ، مثال کے طور پر گود میں آنے کے لیے آگے ہونا
- آپ کے ساتھ سوشل کھیل کھیلتا ہے ،مثال کے طور پر پیک ۔آ۔ بو
- لوگوں کے درمیان رہنے سے لطف اندوز ہوتا ہے
- بچوں کی آواز نکالتا اور آوازیں دہراتا ہے ۔ بابابابا ، ڈوہ ڈوہ ڈوہ

بارہ ماہ تک

- ایک حرفی ہدایت پر عمل کرتا ہے ۔ "بیٹھ جاؤ"
- کسی چیز کی طرف آپ اشارہ کریں تو کمرے میں دوسری طرف دیکھتا ہے
- تین یا زیادہ الفاظ استعمال کرتا ہے
- رابطہ کرنے کے لیے اشارے کرتا ہے ۔ "بائی بائی" کرنے کے لیے ہاتھ ہلاتا ہے "نہیں" کہنے کے لیے سر ہلاتا ہے
- آپ کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے آپ کی توجہ حاصل کرتے ہوئے آوازیں ، اشارے اور علامتیں استعمال کرتا ہے
- توجہ اور تعریف کے لیے "اداکاری" کرتا ہے
- بہت سی آوازیں ملا لیتا ہے جیسے بات کر رہا ہو ۔ ابادا بادو ابی
- سادہ تصویری کتابوں میں دلچسپی دکھاتا ہے

بچے پسند کرتے ہیں جب آپ:

- ان کی سطح پر نیچے آتے ہیں اس طرح کہ وہ آپ کا چہرہ دیکھ سکیں۔ اس سے انہیں پتہ چلتا ہے کہ وہ جو کچھ بھی کر رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں آپ اس میں دلچسپی لیتے ہیں۔ اس طرح سے آپ سے تعلق جوڑنا آسان ہو جاتا ہے
- جو آوازیں وہ نکالتے ہیں انہیں دہرائیے۔ بچے شور مچانے سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور جب آپ بار بار ان کی نقل کریں تو اسے پسند کرتے ہیں۔
- گائیے اور ہنسئیے ، خاص طور پر جب انہیں کھلا ، نہلا اور کپڑے بدل رہے ہوں۔ سارا دن آپ جو کچھ بھی کر رہے ہوں یا دیکھ رہے ہوں اس کے بارے میں اپنے بچے سے بات کرتیاد رکھیے۔ "ممی اپنا کوٹ پہن رہی ہے : ، "وہ ایک بڑا ٹرک ہے"
- جن چیزوں کو وہ دیکھ رہے ہوں یا کھیل رہے ہوں ان کے نام بتائیے۔ بچے نئی چیزوں کے بارے میں سیکھنے اور کھوجنے میں دلچسپی لیتے ہیں اور سننا پسند کرتے ہیں کہ چیزیں کیا کہلاتی ہیں۔

اٹھارہ ماہ تک

- اندر اور باہر ، "کبھی کبھار" کے تصور کو سمجھتا ہے"
- جب پوچھا جائے تو بدن کے بہت سے حصوں کی طرف اشارہ کرتا ہے
- کم از کم بیس الفاظ استعمال کرتا ہے
- سادہ سوالوں کے جواب میں الفاظ یا اشارے کرتا ہے ۔ "ٹیڈی کہاں ہے ؟" ، "وہ کیا ہے ؟"
- کھلونوں کے ساتھ جھوٹ موٹ کھیل کر دکھاتا ہے ۔ ٹیڈی کو پینے کے لیے دیتا ہے
- کم از کم چار مختلف موزوں آوازیں نکالتا ہے ۔ بی ، این ، ڈی ، جی ، ڈبلیو ، ایچ
- پڑھ کر سنایا جائے اور آپ کے ساتھ سادہ کتابیں دیکھنے سے لطف اندوز ہوتا ہے
- ایک انگلی استعمال کر کے تصویروں کی طرف اشارہ کرتا ہے

چوبیس ماہ تک

- دو قدمی ہدایات پر عمل کرتا ہے ۔ "جاؤ اپنا ٹیڈی بیئر ڈھونڈو اور گرینڈ ماں کو دکھاؤ"
- سو یا زیادہ الفاظ استعمال کرتا ہے
- کم از کم دو اسم ضمیر استعمال کرتا ہے ۔ "تم" ، "مجھے" ، "میرا"
- دو یا زیادہ الفاظ ملا کر چھوٹے چھوٹے جملے مستقل بناتا ہے ۔ "ڈیڈی ہیٹ" ، "ٹرک نیچے گیا"
- دوسرے بچوں کے ساتھ رہنے سے لطف لیتا ہے
- ساتھیوں کو کھلونے دینے لگتا ہے اور دوسرے بچوں کے الفاظ اور ایکشنز کی نقل کرتا ہے
- پچاس سے ساٹھ فی صد وقت لوگ اس کی بات سمجھ سکتے ہیں
- آسانی اور بغیر کوشش کے الفاظ اور جملے بناتا ہے
- صحیح طرح سے کتابوں کو پکڑتا اور صفحوں کو پلٹتا ہے
- سٹفڈ (بھرے ہوئے) جانوروں یا کھلونوں کو "پڑھ کر " سناتا ہے
- کری یون سے الٹی سیدھی لائنیں لگاتا ہے

چوبیس ماہ تک

- سائز (بڑا/چھوٹا) اور مقدار (تھوڑا سا ، زیادہ ، مزید) کے تصور کو سمجھتا ہے
- بڑے (بالغ) لوگوں کی کچھ گرامر استعمال کرتا ہے ۔ "دو سیب" ، پرندہ اڑ رہا ہے ، "میں نے چھلانگ لگائی"
- تین سو پچاس سے زیادہ الفاظ استعمال کرتا ہے
- عملی الفاظ استعمال کرتا ہے ۔ بھاگنا ، بہنا ، گرنا
- دوسرے بچوں کے ساتھ اپنے کھلونے اور الفاظ دونوں استعمال کرتے ہوئے چھوٹی باریاں لیتا ہے
- جب کوئی اور بچہ اداس ہو یا چوٹ لگ جائے تو پریشان ہو جاتا ہے
- کھیل میں کئی ایکشنز اکٹھے کرتا ہے ۔ گڑیا کو کھلا کر اسے سلاتا ہے ، ٹرین میں بلاک رکھ کر اسے چلاتا ہے پھر بلاک گرا دیتا ہے
- کئی الفاظ کے شروع میں آوازیں لگاتا ہے
- دو یا زیادہ رکن یا ضرب سے الفاظ بناتا ہے ۔"با۔نا۔نا" "کم۔پیو۔ٹر" ، "اے۔پل"
- جانے پہچانے لوگو اور نشانات پہچانتا ہے ۔ رکنے کا نشان مشہور کہانیاں سمجھتا اور یاد رکھتا ہے

ڈگمگاتے ہوئے چلنا سیکھنے والے بچے اسے پسند کرتے ہیں جب:

- انہیں چھونے دیں اور کتاب پکڑنے دیں جب آپ تصویروں کی طرف اشارہ کریں اور نام بتائیں
- بچوں کی زبان کی بجائے اصل الفاظ استعمال کریں ۔ تا تا کی بجائے "مجھے دو" یا واوا کی بجائے "پانی"۔
- ان کی بات سننے کے لیے وقت نکالیۓ ۔ وہ چاہتے ہیں کہ آپ ان کی تمام نئی آوازیں ، الفاظ اور خیالات سنیں
- انہیں سادہ ہدایات عمل کرنے کے لیے دیں ۔ "جاؤ اپنے لال بوٹ ڈھونڈو"
- جب ان سے بات کریں تو بہت سے مختلف الفاظ استعمال کریں ۔ متضاد الفاظ جیسے اوپر / نیچے ، اندر / باہر عملی الفاظ جیسے "دوڑ رہے" ، "چھینٹے اڑا رہے" اور بیانیہ الفاظ جیسے "بڑا" ، "چھوٹا" ، "صاف" ، "گندا"
- لائبریری ، کھیل کے میدان ، پارک میں ۔ دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلنے میں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔